۱

# دُعا



ہاتھ اُٹھائے سر کو جُھکائے
تیرے کرم کی آس لگائے

ہم آئے ہیں تیرے در پر
ہم پہ خُدایا ، ایک نظر کر

رحمت سے دِن پھیر ہمارے
ہم جیتے ہیں تیرے سہارے

نام پہ تیرے جان فِدا ہو
کوئی نہ دِل میں تیرے سِوا ہو

سیدھی راہ دِکھادے ہم کو
نیک اِنسان بنا دے ہم کو

راحت دے دے ، عِزّت دے دے
عِلم و ہُنر کی دولت دے دے

(ماخوذ)



| | | |
|---|---|---|
| کرم | - | مہربانی |
| آس | - | اُمید |
| در | - | دروازہ |
| خُدایا | - | اے خدا |
| دِن پھیرنا | - | اچھے دن لانا |
| فِدا | - | قربان |
| راحت | - | خوشی |

## مشق

- **ایک جملے میں جواب لکھو:**

۱۔ بچّے خدا سے کس طرح دُعا مانگ رہے ہیں؟

۲۔ ہم کس کے سہارے جیتے ہیں؟

۳۔ بچّے خدا کے نام پر کیا فِدا کرنا چاہتے ہیں؟

- **جوڑیاں لگاؤ:**

| | |
|---|---|
| ہم آئے ہیں تیرے در پر | کوئی نہ دِل میں تیرے سِوا ہو |
| نام پہ تیرے جان فِدا ہو | عِلم و ہُنر کی دولت دے دے |
| سیدھی راہ دکھا دے ہم کو | ہم پہ خُدایا ، ایک نظر کر |
| راحت دے دے ،عزّت دے دے | نیک اِنسان بنا دے ہم کو |

- **اس نظم کو زبانی یاد کرکے روزانہ اسکول میں پڑھو۔**

